Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

24 نومبر، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

جیسے کہ تھینکس گیونگ (یوم تشکر) قریب آ رہا ہے،میں اس بات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں کہ میں آپ کے صبر تحمل اور شراکت کے لیے بے حد مشکور ہوں، اور یہ میرے لیے کتنا باعث فخر ہے کہ میں آپ اور آپ کے بچوں کی خدمت کر رہا ہوں۔ اس سال ہم ایک ساتھ کئی مشکل حالات سے گذرے ہیں۔ مگر ان مشکل حالات میں، ہم نے قوم کو اور دنیا کو دکھا دیا ہے کہ نیویارک شہر صرف ایک پھیلتا ہوا بڑا شہر نہیں ہے، بلکہ ایک اچھے، لوگوں کا خیال رکھنے والے افراد کی برادری ہے — جب حالات خراب ہوتے ہیں — ملکر ایک دوسرے کی حفاظت اور مدد کرتے ہیں۔

بحیثیت اسکولز چانسلر میرے لیے ہماری اسکول کی عمارتوں کو بذات خود موجودگی میں تدریس کے لیے اس سال میں دوسری مرتبہ بند کرنا سب سے زیادہ تکلیف دہ کاموں میں سے ایک تھا۔ میں جانتا ہوں کہ لاکھوں طلبا کے لیے یہ مایوس کن ہے جو اپنے کلاس روم واپس آنے اور بالمشافہ اپنے اساتذہ اور ہمسروں کے ساتھ ملکر تعلیم حاصل کرنے میں کتنے زیادہ پُرجوش تھے۔ بالغان کے لیے بھی یہ اتنا ہی زیادہ مشکل ہے، جو اپنے معمولات اور زندگیوں میں مزید سمجھوتہ کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ البتہ یہ عارضی طور پر بند ہیں، اور اسکول کی عمارتوں کو جلد از جلد دوبارہ کھولا جائے گا جب ایسا کرنا محفوظ ہو گا۔ آپ اور آپ کا خاندان اس کوشش کا حصہ ہیں - کیونکہ ہم سب کی باہمی جد وجہد کی وجہ سے ایک بار پھر COVID-19 کی شرح نیچے جائے گی تاکہ ہم تعلیم و تدریس کے لیے اپنے دروازے دوبارہ کھول سکیں۔

مجموعی طور پر شہر میں COVID-19 کی بڑھتی ہوئی سطوح نہایت تشویشناک ہیں، اور ہمارے لیے ہمارے اسکول کی برادریوں کی احتیاطی تدابیر کو مزید تقویت دینا لازمی ہے۔ لہٰذا، کسی طالب علم کواسکول میں جانچ کرانے کے لیے دستخط شدہ اجازت نامے کے بغیر عمارت میں داخل ہونے نہیں دیا جائے گا۔ آپ کے اجازت نامے کو آپ کے بچے کے اسکول میں بذات خود موجودگی میں تدریس کے لیے واپس آنے کے پہلے دن جمع ہونا لازمی ہے۔ اگر آپ نے پہلے سے ہی نئے NYCSA کے ذریعے یا کاغذی وضع میں اپنا جازت نامہ فراہم کر دیا ہے، ہم چاہیں گے کہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اس کو دوبارہ جمع کرائیں تاکہ فائل میں تازہ ترین اجازت نامہ موجود رہے۔ ذیل میں آپ اجازت نامے کو آسان اندازمیں جمع کرانے کے طریقے تلاش کر سکتے ہیں۔

دریں اثنا، ہم نے آپ کے اور آپ کے بچوں کے لیے ریموٹ لرننگ سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہونے میں مدد کرنے کے لیے کچھ وسائل کو اکٹھا کیا ہے۔ اہل خانہ کے لیے اس تازہ معلومات میں، آپ ذیل کے بارے میں معلومات تلاش کر سکتے ہیں:

- ریموٹ لرننگ کے لیے آلات (ڈیوائسس)
- ریموٹ تدریس میں حاضری کی مطلوبات
- تعلیمی سال 21-2020 میں گریڈ دینا
- اسکول میں ٹیسٹنگ کے لیے اجازت نامہ کیسے فراہم کیا جائے (جب مخلوط تعلیم دوبارہ شروع ہوگی)

میں آپ کو یہ بھی یاد دہانی کروانا چاہتا ہوں کہ حال ہی میں مثالی اساتذہ اور کالج مشیران کو خراجِ تحسین پیش کرنے کا نواں سالانہ بِگ ایپل ایوارڈ شروع ہو گیا ہے۔ اس سال، خصوصاً یہ اہم احساس ہوتا ہے کہ ان اساتذہ اور مشیران کو خراجِ تحسین پیش کیا جائے جنکی وجہ سے آپ کے بچے کی زندگی میں تبدیلی آئی ہے۔ 10 جنوری، 2021 تک بِگ ایپل ایوارڈ کی اس ویب سائٹ پر جا کر ایک استاد نامزد کریں. schools.nyc.gov/bigappleawards

ہائی اسکول کے خاندانوں کے لیے ایک فوری یادہانی کہ ریجنٹس کے بورڈ اور نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم نے جنوری 2021 کے لیے شیڈول کردہ تمام ریجنٹس امتحانات کو منسوخ کر دیا ہے۔ جون اور اگست 2021 میں ریجنٹس امتحانات دینے کے متعلق کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا ہے، لیکن ہم موصول کرتے ہی آپ کو تازہ ترین اطلاعات فراہم کریں گے۔

کیونکہ ہم فوری مسائل اور اس بے نظیر سال کی ضروریات پر توجہ مرکوز رکھنا جاری رکھے ہوئے ہیں، ہم مستقبل کے بارے میں بھی سوچ رہے ہیں، خصوصاً مڈل اور ہائی اسکول کے داخلوں کے بارے میں۔ ہم انتہائی احتیاط کے ساتھ 22-2021 تعلیمی سال کی داخلہ پالیسی کے تمام ممکنہ طریقوں کا جائزہ لے رہے ہیں اور جتنا جلد ممکن ہوا ہم آپ کو اس بارے میں مطلع کرنے کے متمنی ہے۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

اتنی پریشان کن مشکلات کے باوجود ہم نے ملکر بہت کچھ حاصل کیا ہے۔ میں آپ کو یقینی دلانا چاہتا ہوں کہ محکمئہ تعلیم میں ہر ایک انتھک محنت کر رہا ہے تاکہ اسے یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کے بچوں کو اعلیٰ معیاری تعلیم جس کے وہ حقدارہیں ملتی جاری رہے۔

میں اپنی جانب سے اور محکمئہ تعلیم میں سب کی طرف سے، آپ کے اور آپ کے اہل خانہ کے لیے ایک بہت خوشگوار، صحتمند تھینکس گیونگ منانے کا دعاگو ہوں۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمئہ تعلیم

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

تازہ ترین معلومات برائے اہل خانہ، 24 نومبر، 2020

ریموٹ لرنگ کے لیے آلات

کیا آپ کو ایک آلے یا تکنیکی معاونت کی ضرورت ہے؟ آپ کو ایک ٹوٹے، کھوئے ہوئے یا چوری ہو جانے والے آلے کے متعلق مدد کی ضرورت ہے؟ محکمئہ تعلیم کے IT ہیلپ ڈیسک سے 718-935-5100 پر رابطہ کریں اور مدد کے لیے 5 دبائیں۔

آپ آن لائن بھی فوری مدد حاصل کر سکتے ہیں:
- تکنیکی معاونت کے موضوعات کو ملاحظہ کریں: schools.nyc.gov/technicaltools
- تکنیکی مدد کے لیے ایک ٹکٹ درج کرائیں: schools.nyc.gov/techsupport
- ایک آلے کی درخواست کریں: schools.nyc.gov/devices
- محکمئہ تعلیم کے جاری کردہ آئی پیڈ کے لیے مدد حاصل کریں: schools.nyc.gov/ipadfixes
- آپ کے انٹرنیٹ کنیکشن میں مسئلہ ہے: schools.nyc.gov/internet

ان پلیٹ فارم کے بارے میں معلومات کے لیے جو آپ کا بچہ ریموٹ لرننگ کے دوران مدد کے لیے استعمال کرسکتا ہے schools.nyc.gov/remotechecklist.

ریموٹ تدریس میں حاضری کی مطلوبات

کیونکہ اس تعلیمی سال میں ہم تمام تبدیلیوں سے نمٹنا جاری رکھے ہوئے ہیں، ایک چیزجو اپنی جگہ قائم ہے ہمارا ہدف کہ ہر طالب علم کو تدریس اور انکے اسکول میں ہر روز نگہداشت فراہم کرنے والے بالغ کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھا جائے۔ جیسے کہ پہلے اعلان کیا گیا تھا کہ، 21-2020 تعلیمی سال کے لیے، ہم حاضری کی زیادہ روایتی تعریف کی طرف لوٹ رہے ہیں جس میں ایک طالب علم کی تعلیم و تدریس میں مشغولیت پر نظر رکھی جاتی ہے۔

- "حاضر ہے" کی تعریف یہ ہے کہ شیڈول کردہ اسکول دن کے دوران حصہ لینا اور ایک مخصوص ورچؤل تدریسی ماحول میں ورچؤلی موجود رہنا یا شیڈول کردہ کورس کے کام میں حصہ لینا۔ یہ ایک مکمل اور مختصر گروہ میں زُوم میں لاگ اِن ہو کر تعلیم حاص کرنا، طالب علم - استاد چیک انز میں حصہ لینا، پہلے سے ریکارڈ شدہ اسباق اور کورس کے کام، یا گروہ میں پروجیکٹس میں حصہ لینا اور آن لائن ترتیب میں بات چیت میں حصہ لینے کے جیسا ہو سکتا ہے۔

- "غیرحاضری" کی تعریف یہ ہے کہ ایک ریموٹ کلاس، ریموٹ سبق، یا شیڈول کردہ اسکول دن استاد - طالب علم تدریس کے دوران حاضر نہ ہونا۔

تعلیمی سال 21-2020 میں گریڈ دینا

اسکولوں کی گریڈ دینے کی پالیسیاں طلبا کے اپنے کام کو مخلوط اور ریموٹ لرننگ کے نمونوں کے نئے طریقوں میں مکمل کرنے کی عکاسی کریں گے۔ اس کا مطلب ہے کہ تفویضات میں لچک، جو طلبا نے سیکھا ہے اس کا اظہار کرنے کے مختلف طریقے فراہم کرتا ہے۔

گریڈز کی بنیاد اب بھی تعلیمی پیش رفت اور کارکردگی پر ہو گی، ہر مضمون میں طلبا کے مجموعی کام کو زیرِ غور لایا جائے گا۔ اس سال، ہر اسکول کئی انتخابات میں سے اپنے لیے گریڈ کے پیمانوں کا انتخاب کریں گے، بشمول 4 -1 کا پیمانہ، ایک عددی پیمانہ (100 پوائنٹس) اور ایک حروفی پیمانہ (A-D)۔

گریڈنگ کے بارے آپ کو مزید معلومات ذیل پر ملیں گی schools.NYC.gov/messagesforfamilies/#grading.

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

اسکول میں ٹیسٹنگ کا اجازت نامہ کیسے فراہم کیا جا ئے

جب ہم بذات خود موجودگی میں تعلیم کی طرف واپس آئیں گے، 12-1 گریڈ کے طلبا بقیہ سال بھر COVID-19 کی بلاترتیب ٹیسٹنگ میں حصہ لیں گے۔ اسکول میں عملے اور طلبا کی معمول میں مسلسل ٹیسٹنگ ہمیں اسکولوں اور وسیع تر برادریوں کو صحتمند اور محفوظ رکھنے میں مدد دیتی ہے۔ تمام شہر میں 57,000 سے زائد طلبا کو پہلے ہی ٹیسٹ کیا جاچکا ہے۔ جانچ کا عمل فوری اور آسان ہے، اور ایک مختصر سے پھا ئے (Q ٹپ کی طرح) کو ناک کی جگہ / سامنے کے حصے میں ڈال کر کیا جاتا ہے۔ پھا ئے کی لمبائی مختلف ہو سکتی ہے، مگر صرف ایک چھوٹا سا حصہ ہی ناک کے سامنے کے حصے میں پانچ سے 10 سیکنڈ کے لیے ڈالا جاتا ہے۔

اسے یقینی بنا نے کے لیے کہ آپ کے بچے کی جانچ کی جا ئے، برائے مہربانی جانچ کے لیے ایک اجازت نامہ جمع کرائیں۔ آپ اجازت دو آسان طریقوں سے مکمل کر سکتے ہیں:

1. **آن لائن: ایک نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ (NYCSA) کو استعمال کرتے ہوئے فارم کو آن لائن مکمل کریں۔** ذیل پر جائیں mystudent.nyc
   - اگر آپ کے پاس پہلے ہی اپنے طالب علم (طلبا) کے ساتھ مربوط ایک NYCSA اکاونٹ ہے: لاگ ان کریں، اپنے طالب علم کے نام پر کلک کریں، "اکاونٹ منظم کریں" پر کلک کریں، اور پھر جب ایک ڈراپ ڈاون مینیو کھلے، "اجازت کے فارم" پر کلک کریں۔ صفحے کا مطالعہ کریں، اور پھر آخر میں اپنے طالب علم کے لیے اجازت کا انتخاب منتخب کریں۔
   - اگر آپ کے پاس ایک NYCSA اکاونٹ پہلے ہی سے نہیں ہے: آپ اسے اِبھی فوراً بنا سکتے ہیں! اگر آپ کے پاس اپنے اسکول کی طرف سے ایک اکاؤنٹ تخلیقی کوڈ ہے، آپ تقریباً پانچ منٹ میں ایک مکمل اکاؤنٹ بنا سکتے ہیں، اور اسکے بعد مندرجہ بالا واضح کردہ اجازت نامہ فراہم کریں۔ اگر آپ کے پاس اپنے اسکول کی جانب سے ایک اکاؤنٹ تخلیقی کوڈ نہیں ہے، آپ ابھی بھی "COVID-19 Testing" کے نیچے "Manage Consent" پر کلک کر کے اپنا اجازت نامہ فوری طور پر فراہم کر سکتے ہیں اور اجازت نامہ فراہم کرنے کے لیے اپنی اور اپنے بچے کی معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔
2. **Paper form:** مکمل کریں اور کاغذی فارم اسکول کو واپس کریں۔ ایک پرنٹ کرنے کے قابل PDF فائل دس زبانوں میں ذیل پر دستیاب ہے schools.nyc.gov/covidtesting.

آپ کے اجازت نا مے کو آپ کے بچے کے اسکول میں بذات خود موجودگی میں تدریس کے لیے واپس آ نے کے پہلے دن جمع ہونا لازمی ہے۔ اگر آپ نے پہلے سے ہی اپنے بچے کے ٹیسٹ کرنے کا اجازت نامہ فراہم کر دیا ہے، ہم چاہیں گے کہ اس بات کو یقینی بنا نے کے لیے دوبارہ جمع کرائیں تاکہ فائل میں تازہ ترین اجازت نامہ موجود رہے۔

یہاں آپ اکثر پوچھے جا نے والے سوالات کے نیچے اجازت نا مے کے بارے میں اضافی معلومات پائیں گے schools.nyc.gov/covidtesting.